SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**Press Release**
April 25, 2017
For immediate release

کمپنی رجسٹریشن کے لئے ورچوئل ون سٹاپ شاپ آپریشنل ہو گئی

اسلام آباد (اپریل 25) سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان کے ساتھ کمپنی کی رجسٹریشن اور فیڈرل بورڈ آف ریونیو سے نیشنل ٹیکس نمبر کا حصول ایک ساتھ ممکن بنانے کے لئے ایس ای سی پی کی ورچوئل ون سٹاپ شاپ نے باقاعدہ کام شروع کر دیا ہے۔

ورچوئل ون سٹاپ شاپ ایک ویب پورٹل ہے جہاں کمپنی کی رجسٹریشن کے ساتھ ساتھ ایف بی آر سے ٹیکس نمبر بھی حاصل کیا جا سکتا ہے۔ گزشتہ ایک ماہ کے دوران اس ویب پورٹل کے ذریعے ایس ای سی پی سے رجسٹریشن حاصل کرنے والی چار سو چھیالیس (446) کمپنیوں کو ایف بی آر کی جانب سے ٹیکس نمبر جاری کیا گیا۔ سرمایہ کاروں کو سہولت بہم پہنچانے کے لئے اس سہولت کا آغاز کیا گیا تھا تاکہ سرمایہ کار ایک ہی پلیٹ فارم سے کمپنی کی رجسٹریشن اور ٹیکس نمبر حاصل کر سکیں۔ یہ منصوبہ گزشتہ سال ستمبر میں ایس ای سی پی کو سونپا گیا تھا۔

کمپنیوں کی رجسٹریشن کے اس ورچوئل نظام کا مقصد نئے کاروبار کو شروع کرنے کے لئے درکار وقت کو کم کرنا، سرمایہ کاروں کو سہولت فراہم کرنا اور مختلف ریگولیٹری اداروں کے مابین باہمی تعاون کو فروغ دینا اور معلومات کے تبادلہ کے لئے ایک سسٹم (یونیفائیڈ ویب پورٹل) متعارف کروانا ہے۔ یہ منصوبہ ورلڈ بینک کی جانب سے جاری سٹارٹنگ بزنس رپورٹ کی بنیاد پر شروع کیا گیا تھا۔ اس رپورٹ میں سفارش کی گئی تھی کہ کمپنیوں کی مختلف حکومتی ایجنسیوں کے ساتھ رجسٹریشن کے لئے ایک یونیفائیڈ پلیٹ فارم فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔

یہ ویب پورٹل کمپنیوں کو ایس ای سی پی، ایف بی آر اور ایمپلائزاولڈ ایج بینی فٹ انسٹی ٹیوٹ کے ساتھ ایک ساتھ رجسٹریشن کی سہولت فراہم کرتا ہے۔ اس سسٹم کے ذریعے ایس ای سی پی کی ویب سروس کو ایف بی آر کے این ٹی این رجسٹریشن کے سسٹم کے ساتھ ہم آہنگ کر دیا گیا ہے اور اسے کمپنی رجسٹریشن کے عمل کا حصہ بنا دیا گیا ہے۔ یاد رہے کہ ورلڈ بینک کے سٹارٹنگ بزنس کے انڈیکیٹرز میں ٹیکس نمبر کا اجرا ایک اہم جز ہے اور اس کمپنی رجسٹریشن کے ساتھ ہی ٹیکس نمبر کی سہولت ملنے سے نہ صرف سرمایہ کاروں کو سہولت ملے گی بلکہ پاکستان کی کاروبار کی آسانی کی درجہ بندی میں بھی بہتری آئے گی۔